سوال

(190)فاتحہ کے بغیر نماز نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رکوع کی رکعت کے بارے میں حدیث پیش کرتے ہیں حضرت ابوبکرہ والی اور آخر میں یہ لفظ ''لَاتَعُدْ'' اس سے استدلال کرتے ہیں کہ اپنی نماز کو نہ لوٹا ۔ میں اس بارے میں پریشان ہوں کہ ایک حدیث میں ہے وہ نماز نہیں جس میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی جائے اس کی وضاحت فرمائیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی ''لَاتَعُدْ'' والی حدیث سے مدرک رکوع کی رکعت کا ہونا اور نہ ہونا دونوں ہی ثابت نہیں ہوتے روایۃً اس حدیث میں جو لفظ ثابت ہیں وہ ''لَاتَعُدْ'' ہی ہیں جن کا معنی ہے ''نہ لوٹ دوبارہ ایسا نہ کرنا'' اور لفظ ''لَاتُعِدْ'' اعادہ نہ کر نماز نہ لوٹا اس حدیث میں روایۃً ثابت ہی نہیں لہٰذا حدیث :

«لَاصَلٰوةَ لِمَن لَّمْ يَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ» (بخاری ۔ الاذان ۔ باب وجوب القراءة للامام والماموم فی الصلوٰت کلھا ۔ مسلم ۔ الصلوٰة باب وجوب قراءة الفاتحة فی کل رکعة) نہیں کوئی نماز اس کی جس نے نہ پڑھی سورۃ فاتحہ محکم ہے ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے متعارض نہیں تو رکوع میں شامل ہونے والے کی رکعت نہیں ہوتی وہ رکعت اٹھ کر پڑھے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص161

محدث فتویٰ